© rasailojaraid.com



خادم حسین

# "زبان میری ہے بات اُن کی"

● —— (پاکستان) پولیس وحشیانہ تشدد کے ذریعے بے گناہوں سے بھی اقرارِ جرم کرا لیتی ہے۔ قیدیوں سے وحشیانہ سلوک کیا جاتا ہے —— (امریکی محکمہ خارجہ کی سالانہ رپورٹ)

اصلاحِ پولیس کے سلسلے میں پاکستان لاء کمیشن کے لئے کیا یہی رپورٹ کافی نہیں ہے۔

● —— اتحادی اصولی جنگ لڑ رہے ہیں —— (بے نظیر)

بُش دورِ حاضر کا "یزید" ہے —— (اصغر خان)

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا ۔ بھان متی نے کنبہ جوڑا

● —— حاملہ عورتوں اور شیر خوار بچوں کی ماؤں کو پنجاب کی جیلوں سے رہائی مل گئی۔ (ایک خبر)

جسٹس مُنیر خان —— زندہ باد!

● —— نواز شریف، کشمیریوں کے شانہ بشانہ لڑ کر جہاد کی سعادت حاصل کر سکتے ہیں (نوابزادہ نصراللہ)

نواب صاحب! آپ مجاہدین کے شانہ بشانہ لڑ کر مفت کی شہادت حاصل کر سکتے ہیں۔

● —— جنگ بندی کے لئے جو مقاصد پورے ہونا ضروری ہیں، گورباچوف بھی جانتے ہیں۔ (جارج بُش)

مسلمان طاقتوں کو کمزور کرنے کے لئے تمام غیر مسلم متفق ہیں۔

● —— سندھ پولیس سٹیٹ بن چکا ہے۔ (قیوم نظامی)

پُورے پاکستان کی بات کریں۔

● —— بے نظیر خاتون ہونے کے باعث اکیلے سفر نہیں کر سکتیں۔ لاہور آنے جانے سے اُن کے بہت پیسے خرچ ہوتے ہیں۔ (خصوصی عدالت میں اعتزاز احسن کے دلائل)

پیدا ہوئے وکیل تو شیطان نے کہا
لو آج ہم بھی صاحبِ اولاد ہو گئے

● —— دو نوجوانوں نے جعل سازی سے بیوہ عورت کی زمین اپنے نام کر والی۔ (ایک خبر)

اور ایک وہ ہیں جو بیوہ کو زمین لے کر دیتے ہیں۔

● —— اگر میں کویت پر قبضہ نہ کرتا تو امریکہ کویت پر قبضہ کر لیتا۔ (صدر صدام)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اپنی بھاوج کو اغوا کرنیوالے کے بعد ایک شخص نے کہا: "اگر میں اُسے نہ لے جاتا تو ہمسایہ اُسے بھگا کر لے جا رہا تھا۔

● —— بغیر اجازت میکے جانے پر خاوند نے بیوی کو ہلاک کر دیا۔ (ایک خبر)

یہ سچ ہے مغرب اور مشرق ایک ہو سکتے نہیں : اُس طرف بیوی کھلی ہے اِس طرف شوہر کھلا

● —— الیکشن میں صرف "ہزاروں ووٹ حاصل کرنیوالے لاکھوں رضا کار عراق بھیجنے کی باتیں کر رہے ہیں (حسین حقانی)

پسند سجناں دی —— خرچہ ساڈا ۔ !

● —— پاکپتن میں دو اعلیٰ روحانی شخصیات کا کار پر آمنا سامنا، کوئی کار پیچھے ہٹا کر راستہ دینے پر تیار نہ ہوا (ایک خبر)

| | |
|---|---|
| پیرِ مغاں کی توبہ تِلاّ ، رام دُھائی | دُودھ کا نگراں باگھڑ بِلاّ ، رام دُھائی |
| ناٹے لمبے منجھلے بونے ، رام دُھائی | آڑے ترچھے ، اونے پونے ، رام دُھائی |

● —— مُلّاں اور حکمران مکمل طور پر امریکی پالیسی کا حصّہ ہیں۔ (بلور)

پِھٹے مُنہ تیرا —— بزنیف دیا پُترا !

بستے زمیں پر تھے۔ بچّے فحش فلم دیکھ رہے تھے۔ (ایک خبر)

وزیرِ تعلیم کیا تبدیلی لائیں گے ؟

● —— ایران میں سیاہ بارش (ایک خبر)

نصیب اپنا اپنا !

● —— عراق میں مقاماتِ مقدسہ کا احترام کریں گے۔ (نواز شریف کو ٹیلیفون پر بُش کی یقین دہانی)

سوہنیا ! امریکہ تیسل لین آیا لے۔

● —— گدھا ہسپتال کے ملازم کو کاٹتے ہی مر گیا۔ (ایک خبر)

انسان کتنا زہریلا ہو رہا ہے۔

● —— وہ زیادہ عرصے تک باتھ روم پر قابض رہتی ہیں۔ (امریکہ کے مرد فوجیوں کو زنانہ سپاہیوں سے شکایات)

| | |
|---|---|
| گردشِ دوراں نے ثابت کر دیا، | رفعِ حاجت بھی بڑا جنجال ہے |
| ضبط کی حد پر کھڑے ہیں تارزن | سانس کھینچے ہیں مگر مُنہ لال ہے |

● —— سرحد حکومت نے زلزلہ زدگان کی مدد کی بجائے انہیں کس جرم میں گرفتار کیا ہے ؟ (ایک خبر)

کرنیلوں کی نشان دہی سب سے بڑا جرم ہے۔

© rasailojaraid.com